بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساھیوال

منجانب: سیکرٹری — نمبر 3596 / اے ایس جی

بجانب: جملہ سربراہان — مورخہ 15/10/2019

گورنمنٹ/الحاق شدہ کالجز/ہائر سیکنڈری سکولز، ملحقہ ساہیوال بورڈ۔

فون نمبرز 040-9200526 (رجسٹریشن برانچ)
040-9200523 (کمپیوٹر سیکشن)

عنوان: ری ایڈمیشن آن لائن شیڈول برائے گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) برائے سیشن 2019-21ء

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ساہیوال بورڈ نے گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) میں ری ایڈمیشن کے لیے درج ذیل شیڈول جاری کر دیا ہے۔ اس سے قبل بھی گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) میں ری ایڈمیشن کے لیے ساہیوال بورڈ نے بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر 2202-ASG مورخہ 20-07-2019 کی **شق نمبر 11** کے تحت تمام ادارہ جات کو مطلع کر دیا تھا۔ تاہم مزید یاددہانی کے لیے گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) کا ری ایڈمیشن شیڈول درج ذیل ہے:

نمبر شمار	شیڈول	تعلیمی اداروں میں داخلہ کی آخری تاریخ	تعلیمی اداروں میں ری ایڈمیشن، آن لائن رجسٹریشن، بنک میں فیس کا چالان جمع کروانے کی آخری تاریخ اور فیس چالان بمعہ آن لائن رجسٹریشن کی ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ
1	گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) میں ری ایڈمیشن کی آخری تاریخ	07-11-2019	07-11-2019

1- ری ایڈمیشن فیس مبلغ -/1,395 روپے ہے اور واضح رہے کہ اس شیڈول میں کسی بھی فریش طلباء و طالبات کو داخل نہیں کیا جا سکتا۔ گیارہویں جماعت کا نتیجہ مورخہ **09-10-2019** کو شائع ہو چکا ہے۔ گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن نتیجہ کی اشاعت کے **30** ایام کے اندر اندر کیا جا سکتا ہے، اس طرح ری ایڈمیشن کی آخری تاریخ مورخہ **07-11-2019** بنتی ہے۔

2- یاد رہے کہ مینول ریٹرن (Manual Return) قابل قبول نہ ہوگی۔

3- داخلے کے قوانین ساہیوال بورڈ کی طرف سے پہلے سے جاری کردہ آن لائن داخلہ / انرولمنٹ شیڈول نوٹیفکیشن نمبر **2202-ASG** مورخہ **20-07-2019** کے مطابق لاگو ہوں گے۔

4- رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، اصل بنک چالان تاخیر سے جمع کروانے کی صورت میں لیٹ رجسٹریشن ریٹرن جرمانہ پہلے سے جاری کردہ آن لائن داخلہ / انرولمنٹ شیڈول کی **شق نمبر 03** کے مطابق عائد ہوگا۔

5- سال 2019ء میں گیارہویں جماعت کے امتحان میں کسی مضمون، مضامین میں 33% سے کم نمبر / غیر حاضر / داخلہ نہ بھیجنے والے ریگولر امیدواران کو نتیجہ کی اشاعت کے **30** ایام کے اندر اندر دوبارہ داخل (Re-admission) کیا جا سکتا ہے جن کی رجسٹریشن سیشن **2018-20**ء میں ہوئی ہو۔

نوٹ: گیارہویں جماعت میں پاس ہونے والے امیدواران **1st year** کے نتیجہ کے اعلان کے بعد مورخہ **05-11-2019** تک شعبہ انٹرمیڈیٹ سے اپنا نتیجہ منسوخ کروائیں گے جبکہ ری ایڈمیشن کی آخری تاریخ **07-11-2019** ہے۔ تعلیمی ادارہ جات تمام ضروری کاغذات، رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور جمع شدہ آن لائن بنک چالان کی اصل کاپی مورخہ **07-11-2019** تک بورڈ میں جمع کروا سکیں گے اس کے بعد کسی بھی ادارہ کو ری ایڈمیشن کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔

Fatima

(شباب فاطمہ)

سیکرٹری

Result.pk